**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023**

**Ethics Paper I**

**Time: 55 minutes Marks: 30**

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

**ہدایات**


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو کہ علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 30 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D, C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے **ایک** کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ لادینی اخلاقیات (secular morality)، مذہبی اخلاقیات (religious morality) سے کیوں مختلف ہے؟

A۔ یہ دوسرے لوگوں کی طرف خود غرضی کی حوصلہ افزائی کرتی ہے

B۔ یہ خدا کی طرف سے سزا کا خوف پیدا کرتی ہے

C۔ یہ کوئی بھی فیصلہ لیتے وقت جواز پر مبنی ہوتی ہے

D۔ یہ سماجی ماحول میں تبدیلیوں کو مسترد کرتی ہے

2۔ کنول کو اُس کے والدین نے بہت ساری اقدار سکھائی ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر وہ اچھا کرے گی تو غیر متوقع طریقوں سے اُس کا صلہ ہمیشہ اچھا ہی ملے گا۔ کنول کے والدین نے اس بات پر بھی زور دیا تھا کہ ہمیشہ بزرگوں کا احترام کیا جائے اور ان کا خیال بھی رکھا جائے تا کہ اولڈ ایج ہومز (old age homes) کی ضرورت نہیں پڑے۔ ساتھ ہی ہمیشہ دوسرے بچوں کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے تا کہ معاشرے میں ہم آہنگی پیدا ہو۔ مزید یہ کوشش کرنی چاہیے کہ اپنی رائے پیش کرنے سے پہلے دوسرے کی رائے کو سنا جائے۔

دی گئی صورتِ حال میں کون سا نکتہ مذہبی اخلاقیات کی عکاسی کرتا ہے؟

A۔ اچھائی غیر متوقع طریقوں سے واپس لوٹ آتی ہے

B۔ ہم آہنگی لانے کے لیے دوسرے بچوں کے ساتھ تعاون کریں

C۔ اپنی رائے دینے سے پہلے دوسروں کی رائے سُنیں

D۔ بزرگوں کی دیکھ بھال کر کے اولڈ ایج ہومز کے قیام کی نفی کریں

3۔ کسی عمل کا صحیح یا غلط ہونا اس بات پر انحصار کرتا ہے کہ اُس کا انجام خوشی ہے یا غم۔

دیا گیا بیان درج ذیل میں سے اخلاقیات کے کس اصولی نظریے پر زور دیتا ہے؟

A۔ نتیجہ پرست نظریہ (Consequentialist Theory)

B۔ سماجی معاہدۂ نظریہ (Social Contract Theory)

C۔ فرائضی اخلاقی نظریہ (Deontological Theory)

D۔ امتیازی اخلاقی نظریہ (Virtue Ethical Theory)

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

4۔ الغزالی کے نزدیک اخلاقی فلسفے کی بنیاد کیا ہے؟

A۔ منطِق

B۔ اخلاق

C۔ روح

D۔ مذہب

5۔ ارسطو کے نزدیک، درج ذیل میں سے کون سا انتخاب نیکی کی مثال ہو گا؟

A۔ جان نے قیمتی اشیا پر بہت زیادہ رقم خرچ کی

B۔ کرن اپنا مستقبل محفوظ کرنے کے لیے کم سے کم خرچ کرتی ہے

C۔ کومل اپنی آمدنی سے جو کچھ بچا سکتی ہے اس سے غریبوں کی مدد کرنے کی کوشش کرتی ہے

D۔ سام متعدد سرگرمیوں میں حصہ لیتا ہے اور اپنی مرضی کے مطابق رقم خرچ کرتا ہے

6۔ درج ذیل میں سے کس کی تشکیل سماجی معاہدۂ نظریہ (Social Contract Theory) کی سب سے واضح مثال ہے؟

A۔ اقوام متحدہ

B۔ ریاستِ ہائے متحدہ امریکہ

C۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان

D۔ سارک (South Asian Association for Regional Cooperation)

7۔ دنیا میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے درج ذیل میں سے کون سا پہلو **بنیادی** طور پر لوگوں کو اپنانا چاہیے؟

A۔ رواداری

B۔ روحانیت

C۔ عزم

D۔ ثقافتی رسومات

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

8۔ اسلم ایک کمپنی میں مینیجر ہے جہاں مختلف ثقافتی پسِ منظر کے لوگ کام کرتے ہیں۔ اس کے ماتحت تین لوگ دفتر سے ایک دن کی چھٹی لینا چاہتے تھے تاکہ وہ اپنے پیاروں کے ساتھ ہولی کا تہوار منا سکیں۔

دی گئی صورتِ حال میں مینیجر کو سب سے **بہترین** کام کیا کرنا چاہیے؟

A۔ اُنھیں ایک دن کی چھٹی دے دے
B۔ اُنھیں آدھے دن کی چھٹی دے دے
C۔ اُنھیں دفتری اوقات کے بعد اپنے تہوار سے لطف اندوز ہونے کی اجازت دے
D۔ اُن کے اہلِ خانہ کو کام کی جگہ پر تہوار منانے کے لیے مدعو کرے

9۔ جب کسی بندے کو تعلیم حاصل کرنے کا حق حاصل ہے تو اس کی **بنیادی** ذمہ داری کیا ہے؟

A۔ کم تعلیم یافتہ لوگوں کے ساتھ ایسا سلوک کرے جیسے کہ وہ اُن سے برتر ہے
B۔ تعلیم مکمل کرنے کے بعد باعزت ملازمت حاصل کرے
C۔ دوسروں کی مدد کے لیے تعلیمی ادارے بنائے
D۔ تعلیم کے حصول کے دوران اپنی بہترین کوشش کرے

10۔ حریم دسویں جماعت کی طالبہ ہے اور وہ اپنی بات دوسروں کے سامنے رکھنے کا مؤثر حوصلہ رکھتی ہے۔ ایک دن جب وزیرِ صحت نے لوگوں کے لیے فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں جاننے کے لیے گاؤں کا دورہ کیا تو گاؤں والوں نے حریم کو خبردار کیا کہ وہ اُن کے سامنے کچھ نہیں بولے گی۔

گاؤں والوں کی اس حرکت کا حریم کی نفسیات پر کیا اثر پڑے گا؟

A۔ وہ تعلیم چھوڑ دے گی
B۔ وہ شادی کرنے سے نفرت کرے گی
C۔ وہ صحت کی سہولیات سے محروم ہو جائے گی
D۔ وہ اپنے خیالات کا اظہار کرنا چھوڑ دے گی

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

11۔ اگر کوئی لڑکی پڑھی لکھی نہ ہو تو اُس کے خاندان پر اس کی ناخواندگی کا سب سے زیادہ **منفی** اثر کیا پڑے گا؟

A۔ وہ اپنے خاندان کے لیے کمانے کے قابل نہیں رہے گی
B۔ وہ برادری میں کسی کی خدمت کے قابل نہیں رہے گی
C۔ وہ اپنے بچوں کی پڑھائی میں مدد کرنے کے قابل نہیں رہے گی
D۔ وہ اپنے خاندان کے افراد کو کھانا فراہم کرنے کے قابل نہیں رہے گی

12۔ جب کوئی شخص قانون توڑتا ہے تو اُس کے انسانی حقوق کیا ہو جاتے ہیں؟

A۔ ختم ہو جاتے ہیں
B۔ محدود ہو جاتے ہیں
C۔ بڑھ جاتے ہیں
D۔ بے شمار ہو جاتے ہیں

13۔ ایک 9 سالہ انتہائی غریب لڑکی کو اپنے خاندان کی کفالت کے لیے دن میں 12 گھنٹے گھریلو صنعت (cottage industry) میں کام کرنے کے لیے بھیجا گیا۔ اس وجہ سے وہ اسکول جانے سے قاصر ہے۔

مذکورہ بالا صورتِ حال کے پیشِ نظر، لڑکی کو اسکول بھیجنے کے لیے حکومت کو **بنیادی** طور پر کیا قدم اٹھانا چاہیے؟

A۔ والدین کو سمجھانا چاہیے
B۔ گھریلو صنعت بند کر دینی چاہیے
C۔ اُس کے گھر کے قریب اسکول بنانا چاہیے
D۔ اُس کے خاندان کو کمائی کا متبادل ذریعہ فراہم کرنا چاہیے

14۔ جب آپ کے پاس مختلف مذاہب، ذات پات اور عقیدوں سے تعلق رکھنے والے لوگ رہتے ہوں تو آپ اُن کے حقوق کے تحفظ کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟

A۔ گردونواح کے لوگوں کے طرزِ عمل کی پیروی کریں
B۔ دوسروں کے خیالات اور آرا کو سنیں
C۔ اپنی جان و مال کی حفاظت کریں
D۔ اپنے نکتہٗ نظر پر قائم رہیں

براہِ کرم صفحہ پلٹیے



AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

15۔ کیون (Kevin) ایک ایسے معاشرے میں رہتا ہے جہاں لوگوں کا ایک دوسرے کے ساتھ کم سے کم ملنا جلنا ہے۔ ایک دن اس کے پڑوس میں اکیلے رہنے والا ایک ضعیف شخص شدید زخمی ہو گیا۔

دی گئی صورتِ حال میں، ایک ذمہ دار شخص کے طور پر کیون (Kevin) سب سے پہلے کیا **قدم** اٹھا سکتا ہے؟

A۔ موبائل فون پر ویڈیو بنائے اور اسے سوشل میڈیا پر پھیلائے

B۔ حکام کو مطلع کرے اور ان کے جواب کا انتظار کرے

C۔ قریبی ہسپتال سے طبی امداد مانگے

D۔ مدد کے لیے چیخنا چلانا شروع کرے

16۔ ایک کثیر الثقافتی اور کثیر المذہبی معاشرے میں ایک قومی تہوار کی تقریب اور کسی برادری کی ایک سنجیدہ مذہبی تقریب ایک ہی وقت میں واقع ہو جاتی ہیں۔

دی گئی صورتِ حال میں، سب کے لیے احترام کے اظہار کا اخلاقی طریقہ کیا ہونا چاہیے؟

A۔ قومی تقریب کو ترجیح دیں اور اسے خوشی سے منائیں

B۔ قومی تقریب کو شائستگی کے ساتھ منائیں اور حد سے زیادہ رسومات ادا کرنے سے گریز کریں

C۔ قومی تقریب کو مکمل طور پر نظر انداز کرتے ہوئے مذہبی تقریب کو ترجیح دیں

D۔ ان جگہوں کا تعین کریں جہاں مذہبی تقریب ہو سکتی ہے اور باقی تمام جگہوں پر قومی تہوار منائیں

17۔ افشین ایک ایسی سوسائٹی کی سیکریٹری ہے جہاں مختلف مذہبی پس منظر کے لوگ رہتے ہیں۔ اس سوسائٹی کے خاندانوں میں سے ایک خاندان کا تعلق عیسائی مذہب سے ہے۔

دی گئی معلومات کی روشنی میں، کرسمس کے تہوار کے موقع پر معاشرے میں تکثیریت (pluralism) کو فروغ دینے کے لیے افشین کے پاس بہترین طریقہ کیا ہے؟

A۔ وہ صرف عیسائی خاندان اور ان کے رشتہ داروں کو مدعو کرنے کے لیے ایک پارٹی کا اہتمام کرے

B۔ وہ خاندان کو سوسائٹی سے باہر جا کر اپنا تہوار منانے کا کہے

C۔ وہ کرسمس پارٹی کا اہتمام کرتے ہوئے سوسائٹی کے ہر فرد کو مدعو کرے

D۔ وہ اُس خاندان کو دوسروں کو پریشان کیے بغیر جشن منانے کی اجازت دے

Annual Examination 2023 for AKU-EB Teaching and Learning only

18۔ ایک 14 سالہ لڑکا حنین، بس اسٹینڈ پر کھڑا ہے۔

بس کے آتے ہی درج ذیل میں سے وہ کون سے ضابطۂ آداب کے تحت **بہترین** عمل کا مظاہرہ کرے گا؟

A۔ بس میں داخل ہونے والے دروازوں کو بند کر دے

B۔ بس میں سے اُترنے والے مسافروں کو پہلے باہر نکلنے دے

C۔ فٹ پاتھ کے بالکل قریب کھڑا ہو جائے

D۔ جلدی سے بس میں سوار ہو جائے

19۔ حسین ایک ایسا مینیجر ہے جو ہر چھوٹی غلطی یا کام کی تاخیر پر اپنے ماتحتوں کو ڈانٹتا ہے۔

حسین کا یہ رویہ درج ذیل تمام چیزوں کا باعث بنے گا، **ماسوائے**

A۔ ٹیم کے ارکان میں صحت کے مسائل پیدا ہوں گے۔

B۔ اس کے ماتحتوں میں مل جل کر کام کو فروغ ملے گا۔

C۔ ساتھیوں میں خوف پیدا ہو گا۔

D۔ وقت پر تمام کاموں کی تکمیل ہو گی۔

20۔ ایک ملٹی نیشنل کمپنی کا مینیجر دفتر میں کسی کو سلام نہیں کرتا۔

مینیجر کے اس رویّے کی وجہ سے کام کرنے والوں پر درج ذیل تمام اثرات ہوں گے، **ماسوائے**

A۔ سب ایک دوسرے کو سلام کریں گے۔

B۔ کوئی بھی اُس کی عزت نہیں کرے گا۔

C۔ دفتر میں کام کا ایک سازگار ماحول پیدا ہو گا۔

D۔ دفتر کے لوگ اس سے بات کرنے میں ہچکچائیں گے۔

21۔ علمِ اخلاقیات میں وہ تصور جو سب کے ساتھ منصفانہ، مساوی اور متوازی سلوک کے خیال کو فروغ دے، کیا کہلاتا ہے؟

A۔ انصاف

B۔ رواداری

C۔ تکثیریت

D۔ شمولیت



AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

22۔ ایک خاندان ایک نئے محلے میں رہنے کے لیے آتا ہے لیکن وہاں ان کا خیر مقدم نہیں ہوتا۔ محلے میں ہر کوئی یہ بات کرتا ہے کہ اُن کے رسم و رواج عجیب ہیں۔ محلے کے کچھ بزرگوں نے اس خاندان کو اپنے محلے سے نکالنے پر غور کرنا شروع کر دیا ہے۔

دی گئی صورتِ حال میں، انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے **پہلا** قدم کیا ہوگا؟

A۔ اُس خاندان سے کہیں کہ وہ کہیں اور منتقل ہو جائیں کیوں کہ محلے کی اکثریت اُنھیں وہاں نہیں رہنے دینا چاہتی
B۔ محلے کے بزرگوں کی رائے پر عمل کریں کیوں کہ وہ سب سے بہتر جانتے ہیں
C۔ محلے کے بزرگوں کے خلاف پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کریں
D۔ کوئی بھی فیصلہ کرنے سے قبل نئے خاندان کو سمجھنے کی کوشش کریں

23۔ امام غزالی کو کس وجہ سے 'اسلام کا ثبوت (the proof of Islam)' کہا جاتا تھا؟

A۔ عقائد
B۔ منطِق
C۔ زندگی گزارنے کا طریقہ
D۔ روحانی تجربہ

24۔ مشہور کتاب 'کیمیائے سعادت' اخلاقی تربیت کے حوالے سے ایک عملی کتابچہ ہے۔

اس کتاب کے مصنّف کون ہیں؟

A۔ بابا گرو نانک
B۔ شاہ ولی اللہ
C۔ امام غزالی
D۔ سر اربندو

25۔ سر اربندو (Sir Arbindu) نے ہندوستانی ثقافت کا مطالعہ کیا اور ملک کی سیاست میں بھی شامل رہے۔ اُنھوں نے محسوس کیا کہ اگر ہندوستان کو اپنی مکمل حیثیت دوبارہ حاصل کرنی ہے تو اسے لازمی طور پر

A۔ ترقی کے لیے اندرونی راہ نمائی پر انحصار کرنا ہوگا۔
B۔ انگریزوں سے مکمل آزادی حاصل کرنی ہوگی۔
C۔ مغربی ثقافت کے نقشِ قدم پر چلنا ہوگا۔
D۔ روحانی کاموں کے لیے خود کو وقف کرنا ہوگا۔

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

26۔ سر اربندو کے تحریری کام زیادہ تر درج ذیل میں سے کس عنوان پر مشتمل ہیں؟

A۔ یوگا
B۔ اخلاقی اعمال
C۔ حریتی کارکنان (freedom fighters)
D۔ سیاسی سرگرمیاں

27۔ 1905 میں شائع ہونے والے اخبار 'بندِ ماترم' کا بانی کون تھا؟

A۔ سر اربندو (Sir Arbindu)
B۔ امام غزالی (Imam Ghazali)
C۔ امینویل کانٹ (Immanual Kant)
D۔ فلورنس نائٹنگیل (Florence Nightinghale)

28۔ سر اربندو (Sir Arbindu) کے داخلی مراقبے (internal meditation) کا مقصد کرۂ ارض پر بسنے والی تمام مخلوقات کے شعور کو کس لیے تبدیل کرنا تھا؟

A۔ جسمانی مہارتوں کو ترقی ملنے کے لیے
B۔ ایک نیا مذہب قائم کرنے کے لیے
C۔ جسمانی آزادی کی سعی کرنے کے لیے
D۔ سماجی ترقی کے لیے راہ ہموار کرنے کے لیے

29۔ آج کی دنیا میں نرسنگ کے پیشے میں فلورنس نائٹنگیل (Florence Nightinghale) کی جانب سے کی گئی کوششوں کا سب سے زیادہ کیا اثر پڑا؟

A۔ نرسنگ کو انسانیت کی خدمت تصور کیا جاتا ہے
B۔ نرسنگ کو صرف فوجیوں کی خدمت سمجھا جاتا ہے
C۔ نرسنگ کو صرف امیر طبقے کا پیشہ سمجھا جاتا ہے
D۔ نرسنگ کو صحت کا ریکارڈ رکھنے کا معیار سمجھا جاتا ہے

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

30۔ فلورنس نائٹنگیل (Florence Nightinghale) نے مختلف شراکت داروں (stakeholders) کو طبی ڈیٹا (medical data) پیش کرنے کے لیے مختلف گرافیکل ٹولز (graphical tools) بہ شمول پائی چارٹ (pie chart) کا استعمال شروع کیا۔

اُن کی طرف سے اٹھائے گئے اس قدم نے نرسوں کی کس لحاظ سے حوصلہ افزائی کی؟

A۔ مریضوں کا خاص خیال رکھنے کے لیے

B۔ مریضوں کے ساتھ مضبوط روابط قائم کرنے کے لیے

C۔ صحت سے متعلق معاملات کے بارے میں باخبر فیصلے لینے کے لیے

D۔ صحت کی دیکھ بھال کرنے والے دیگر افراد کو شماریاتی تربیت (statistical training) کرنے کے لیے

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only